سُورَةُ الرَّحۡمَٰن

Surah 55 — Ar-Rahmaan (The Beneficent) · Medinan · 78 Ayahs · Translation: Urdu

---

1

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ ٱلرَّحۡمَٰنُ

(خدا جو) نہایت مہربان

2

عَلَّمَ ٱلۡقُرۡءَانَ

اسی نے قرآن کی تعلیم فرمائی

3

خَلَقَ ٱلۡإِنسَٰنَ

اسی نے انسان کو پیدا کیا

4

عَلَّمَهُ ٱلۡبَيَانَ

اسی نے اس کو بولنا سکھایا

5

ٱلشَّمۡسُ وَٱلۡقَمَرُ بِحُسۡبَانٍ

سورج اور چاند ایک حساب مقرر سے چل رہے ہیں

6

وَٱلنَّجۡمُ وَٱلشَّجَرُ يَسۡجُدَانِ

اور بوٹیاں اور درخت سجدہ کر رہے ہیں

7

وَٱلسَّمَآءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ ٱلۡمِيزَانَ

اور اسی نے آسمان کو بلند کیا اور ترازو قائم کی

8

أَلَّا تَطْغَوْا۟ فِى ٱلْمِيزَانِ

کہ ترازو (سے تولنے) میں حد سے تجاوز نہ کرو

9

وَأَقِيمُوا۟ ٱلْوَزْنَ بِٱلْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا۟ ٱلْمِيزَانَ

اور انصاف کے ساتھ ٹھیک تولو۔ اور تول کم مت کرو

10

وَٱلْأَرْضَ وَضَعَهَا لِلْأَنَامِ

اور اسی نے خلقت کے لئے زمین بچھائی

11

فِيهَا فَٰكِهَةٌ۟ وَٱلنَّخْلُ ذَاتُ ٱلْأَكْمَامِ

اس میں میوے اور کھجور کے درخت ہیں جن کے خوشوں پر غلاف ہوتے ہیں

12

وَٱلْحَبُّ ذُو ٱلْعَصْفِ وَٱلرَّيْحَانُ

اور اناج جس کے ساتھ بھس ہوتا ہے اور خوشبودار پھول

13

فَبِأَىِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

تو (اے گروہ جن وانس) تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

14

خَلَقَ ٱلْإِنسَٰنَ مِن صَلْصَٰلٍ۟ كَٱلْفَخَّارِ

اسی نے انسان کو ٹھیکرے کی طرح کھنکھناتی مٹی سے بنایا

15

وَخَلَقَ ٱلْجَآنَّ مِن مَّارِجٍ۟ مِّن نَّارٍ۟

اور جنات کو آگ کے شعلے سے پیدا کیا

16

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

17

رَبُّ ٱلْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ ٱلْمَغْرِبَيْنِ

وہی دونوں مشرقوں اور دونوں مغربوں کا مالک (ہے)

18

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

19

مَرَجَ ٱلْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيَانِ

اسی نے دو دریا رواں کئے جو آپس میں ملتے ہیں

20

بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ۬ لَّا يَبْغِيَانِ

دونوں میں ایک آڑ ہے کہ (اس سے) تجاوز نہیں کرسکتے

21

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

22

يَخْرُجُ مِنْهُمَا ٱللُّؤْلُؤُ وَٱلْمَرْجَانُ

دونوں دریاؤں سے موتی اور مونگے نکلتے ہیں

23

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

24

وَلَهُ ٱلْجَوَارِ ٱلْمُنشَـَٔاتُ فِى ٱلْبَحْرِ كَٱلْأَعْلَٰمِ

اور جہاز بھی اسی کے ہیں جو دریا میں پہاڑوں کی طرح اونچے کھڑے ہوتے ہیں

25

فَبِأَىِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

26

كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ۝

جو (مخلوق) زمین پر ہے سب کو فنا ہونا ہے

27

وَيَبْقَىٰ وَجْهُ رَبِّكَ ذُو ٱلْجَلَٰلِ وَٱلْإِكْرَامِ

اور تمہارے پروردگار ہی کی ذات (بابرکات) جو صاحب جلال وعظمت ہے باقی رہے گی

28

فَبِأَىِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

29

يَسْـَٔلُهُۥ۝ مَن فِى ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ ۝ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِى شَأْنٍ۝

آسمان اور زمین میں جتنے لوگ ہیں سب اسی سے مانگتے ہیں۔ وہ ہر روز کام میں مصروف رہتا ہے

30

فَبِأَىِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

31

سَنَفْرُغُ لَكُمْ أَيُّهَ ٱلثَّقَلَانِ

اے دونوں جماعتو! ہم عنقریب تمہاری طرف متوجہ ہوتے ہیں

32

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

33

يَٰمَعْشَرَ ٱلْجِنِّ وَٱلْإِنسِ إِنِ ٱسْتَطَعْتُمْ أَن تَنفُذُوا۟ مِنْ أَقْطَارِ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ فَٱنفُذُوا۟ ۚ لَا تَنفُذُونَ إِلَّا بِسُلْطَٰنٍ

اے گروہِ جن وانس اگر تمہیں قدرت ہو کہ آسمان اور زمین کے کناروں سے نکل جاؤ تو نکل جاؤ۔ اور زور کے سوا تم نکل سکنے ہی کے نہیں

34

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

35

يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّن نَّارٍ وَنُحَاسٌ فَلَا تَنتَصِرَانِ

تم پر آگ کے شعلے اور دھواں چھوڑ دیا جائے گا تو پھر تم مقابلہ نہ کرسکو گے

36

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

37

فَإِذَا ٱنشَقَّتِ ٱلسَّمَآءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً كَٱلدِّهَانِ

پھر جب آسمان پھٹ کر تیل کی تلچھٹ کی طرح گلابی ہوجائے گا (تو) وہ کیسا ہولناک دن ہوگا

38

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

39

فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُسْـَٔلُ عَن ذَنۢبِهِۦٓ إِنسٌ وَلَا جَآنٌّ

اس روز نہ تو کسی انسان سے اس کے گناہوں کے بارے میں پرسش کی جائے گی اور نہ کسی جن سے

40

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

41

يُعْرَفُ ٱلْمُجْرِمُونَ بِسِيمَٰهُمْ فَيُؤْخَذُ بِٱلنَّوَٰصِى وَٱلْأَقْدَامِ

گنہگار اپنے چہرے ہی سے پہچان لئے جائیں گے تو پیشانی کے بالوں اور پاؤں سے پکڑ لئے جائیں گے

42

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

43

هَٰذِهِ جَهَنَّمُ ٱلَّتِى يُكَذِّبُ بِهَا ٱلْمُجْرِمُونَ

یہی وہ جہنم ہے جسے گنہگار لوگ جھٹلاتے تھے

44

يَطُوفُونَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيمٍ ءَانٍ

وہ دوزخ اور کھولتے ہوئے گرم پانی کے درمیان گھومتے پھریں گے

45

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

46

وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِۦ جَنَّتَانِ

اور جو شخص اپنے پروردگار کے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرا اس کے لئے دو باغ ہیں

47

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

48

ذَوَاتَآ أَفْنَانٍ۝

ان دونوں میں بہت سی شاخیں (یعنی قسم قسم کے میووں کے درخت ہیں)

49

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

50

فِيهِمَا عَيْنَانِ تَجْرِيَانِ

ان میں دو چشمے بہہ رہے ہیں

51

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

52

فِيهِمَا مِن كُلِّ فَٰكِهَةٍ۝ زَوْجَانِ

ان میں سب میوے دو دو قسم کے ہیں

53

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

54

مُتَّكِـِٔينَ عَلَىٰ فُرُشٍ۝ بَطَآئِنُهَا مِنْ إِسْتَبْرَقٍ۝ ۝ وَجَنَى ٱلْجَنَّتَيْنِ دَانٍ۝

(اہل جنت) ایسے بچھونوں پر جن کے استرا طلس کے ہیں تکیہ لگائے ہوئے ہوں گے۔ اور دونوں باغوں کے میوے قریب (جھک رہے) ہیں

55

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

56

فِيهِنَّ قَٰصِرَٰتُ ٱلطَّرْفِ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ إِنسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ

ان میں نیچی نگاہ والی عورتیں ہیں جن کو اہل جنت سے پہلے نہ کسی انسان نے ہاتھ لگایا اور نہ کسی جن نے

57

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

58

كَأَنَّهُنَّ ٱلْيَاقُوتُ وَٱلْمَرْجَانُ

گویا وہ یاقوت اور مرجان ہیں

59

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

60

هَلْ جَزَآءُ ٱلْإِحْسَٰنِ إِلَّا ٱلْإِحْسَٰنُ

نیکی کا بدلہ نیکی کے سوا کچھ نہیں ہے

61

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

62

وَمِن دُونِهِمَا جَنَّتَانِ

اور ان باغوں کے علاوہ دو باغ اور ہیں

63

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

64

مُدْهَآمَّتَانِ

دونوں خوب گہرے سبز

65

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

66

فِيهِمَا عَيْنَانِ نَضَّاخَتَانِ

ان میں دو چشمے ابل رہے ہیں

67

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

68

فِيهِمَا فٰكِهَةٌ۬ وَنَخْلٌ۬ وَرُمَّانٌ۬

ان میں میوے اور کھجوریں اور انار ہیں

69

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

70

فِيهِنَّ خَيْرَٰتٌ حِسَانٌ۬

ان میں نیک سیرت (اور) خوبصورت عورتیں ہیں

71

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

72

حُورٌ۬ مَّقْصُورَٰتٌ۬ فِى ٱلْخِيَامِ

(وہ) حوریں (ہیں جو) خیموں میں مستور (ہیں)

73

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

74

لَمْ يَطْمِثْهُنَّ إِنسٌ۬ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ۬

ان کو اہل جنت سے پہلے نہ کسی انسان نے ہاتھ لگایا اور نہ کسی جن نے

75

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

76

مُتَّكِـِٔينَ عَلَىٰ رَفْرَفٍ خُضْرٍ۬ وَعَبْقَرِىٍّ حِسَانٍ۬

سبز قالینوں اور نفیس مسندوں پر تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے

77

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

78

تَبَٰرَكَ ٱسْمُ رَبِّكَ ذِى ٱلْجَلَٰلِ وَٱلْإِكْرَامِ

(اے محمدﷺ) تمہارا پروردگار جو صاحب جلال وعظمت ہے اس کا نام بڑا بابرکت ہے